السنّة النبوية وعلومها
www.sunnah.global

ہم ایک تاریک رات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے تو ہمیں پتہ نہیں چل سکا کہ قبلہ کس طرف ہے چنانچہ ہم میں سے ہر شخص نے اپنی سمت کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ لی جب ہم نے صبح کی تو نبی اکرم ﷺ سے اس کا ذکر کیا چنانچہ (اس موقع پر) یہ آیت کریمہ نازل ہوئی: ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّـهِ﴾ ”تم جس طرف رخ کر لو اللہ کا چہرہ اسی طرف ہے“

عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم ایک تاریک رات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے تو ہمیں پتہ نہیں چل سکا کہ قبلہ کس طرف ہے چنانچہ ہم میں سے ہر شخص نے اپنی سمت کی طرف رخ کر کے نماز پڑھ لی جب ہم نے صبح کی تو نبی اکرم ﷺ سے اس کا ذکر کیا چنانچہ (اس موقع پر) یہ آیت کریمہ نازل ہوئی: ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّـهِ﴾ ”تم جس طرف رخ کر لو اللہ کا چہرہ اسی طرف ہے“ (سورہ بقرہ: 115)

[حَسَنْ] [اسے ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے - اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے]

نبی ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ ایک سفر میں تھے اور رات بہت اندھیری تھی صحابہ کرام کو قبلہ کی سمت کا یقین حاصل نہیں ہوا چنانچہ انہوں نے اپنے اجتہاد کے مطابق نماز پڑھ لی، جب صبح ہوئی تو کیا دیکھتے ہیں کہ انہوں نے قبلہ کی سمت کے علاوہ دوسری سمت رُخ کرکے نماز پڑھی تھی چنانچہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو اس بات کی خبر دی تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری: ﴿وَلِلَّـهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ، فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّـهِ﴾ ”اور مشرق اور مغرب کا مالک اللہ ہی ہے تم جدھر بھی منھ کرو ادھر ہی اللہ کا منھ ہے“ (سورہ بقرہ: 115)

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/10641

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY